© rasailojaraid.com

اس کی اجازت ہی نہیں دیتا ——— اور جو اس کے باوجود ایسا کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ دغا بازی کا مرتکب ہوتا ہے اور اسلامی حکومت میں عدالتوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اس لحاظ سے مظلوم عورتوں کی دادرسی کریں۔

بہرحال تعدد ازدواج اجازت ہو یا ضرورت اگر شرطِ عدل کو ملحوظ رکھا جائے تو اس میں سراسر خیر ہی خیر ہے اور ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اگر یہ اجازت قرآنِ مجید نہ دیتا تو ایک مسلم معاشرہ کو بے شمار مسائل اور الجھنوں کا سامنا کرنا پڑتا۔

(جاری ہے)

راز کاشمیری

# حق کی ضیاء

کرنوں سے منور ہے فضا دیکھئے کیا ہو
خوشبو سے معطر ہے صبا دیکھئے کیا ہو

باطل کی شبِ تیرہ و تاریک ہے لرزاں
پھیلی تو ہے اب "حق کی ضیاء" دیکھئے کیا ہو

مظلوم کی آہوں سے ہلا عرش بالآخر
ظالم کے مقدر میں سزا دیکھئے کیا ہو

جو قوم کی تقدیر سے کھیلا کیا ہر دم
تقدیر ہے اب اس سے خفا دیکھئے کیا ہو

جو قتلِ گل و لالہ کے مجرم ہیں، وہ کانٹے
ہیں آج گرفتارِ بلا دیکھئے کیا ہو

انصاف کے ایوان کے دروازے ہوئے وا
ظالم ہے کٹہرے میں کھڑا دیکھئے کیا ہو

© rasailojaraid.com